15/01/2025

09.20 AM (5 min)

آداب

یہ آکاش وانی سرینگر ہے ۔

اب آپ عمر مختار سے خبریں سُنئیے

حادثہ

کرگل مینکل ایک دلدوز سڑک حادثے کے دوران 5 افرادجاں بحق جبکہ 2 دیگر زخمی ہوئے۔ ہمارے کر گل کے نمائندے عنایت علی نے خبر دی ہے کہ یہ حادثہ اس وقت پیش آیا جب کٹکپاسی شیلکچے علاقے میں ایک سکارپیو گاڑی اور ٹپر کے درمیان شدیدٹکرہوئی جس کے نتیجے میں‌دونوں گاڑیاںایک گہری کھائی میں جا گرے۔ حادثے میں مرنے والوں میں 3 مقامی اور 2 غیر مقامی افراد شامل ہیں۔

راجنا تھ سنگھ

مرکزی وزیر دفاع راجنا تھ سنگھ نے قوم کی حفاظت کےلئے اپنی جانیں نچھاور کرنے والے فوجی اہلکاروں کو شاندار الفاظ میں خراج تحسین پیش کیا ہے۔ وہ کل جموں کے اکھنور علاقے میں آرمڈ فورسز Veterans ڈے کے موقع پر منعقدہ تقریب پر خطاب کر رہے تھے ۔ اس موقعے پر اپنے خطاب میں وزیر دفاع نے کہا ۔

---(Rajnath)--V/O---

منوج سنہا

لیفٹنٹ گورنر منوج سنہا نے کہا ہے کہ سرحدوں کی حفاظت پر معمور، سپاہی قوم کی ترقی اور سلامتی کے ضامِن ہیں۔
انہوںنے کہا کہ یہ سماج کی اجتماعی ذمہ داری ہے کہ فوجیوں اورسابق فوجیوں کی بہبودی کےلئے ٹھوس اقدام کئے جائیں۔
وہ جموں میں‌آرمی ویٹرنز ڈے تقریب سے خطاب کر رہے تھے ۔

----(LG)--V/O---

وزیر اعلیٰ

وزیر اعلیٰ عمر عبداللہ نے مسلح افواج کے اہلکاروں کی انتھک خدمات کو پہچاننے کی اہمیت پر زور دیتے ہوئے کہا ہے کہ ا ن کی لگن ہی قوم کی خوشحالی اور سلامتی کی بنیاد ہے۔

مسلح افواج کے 9 ویں ویٹرنز ڈے کے موقع پر اکھنور میں منعقدہ ایک تقریب سے خطاب کرتے ہوئے عمر عبداللہ نے کہا کہ سرکار سبکدوش اہلکاروں کے کنبوں کی اعانت کے لئے ہر ممکن مدد فراہم کرے گی ۔

-----V/O -----

چنار کور

ادھرآرمڈ فورسز ویٹرنزڈے کی مناسبت سے چنار کور نے بارہمولہ، بڈگام، کپواڑہ، بانڈی پورہ اور اننت ناگ اضلاع میں تقریبات کا اہتمام کیا۔ چنار کور نے ایک سوشل میڈیا پوسٹ میں بتایا کہ ان پروگراموںمیں سابق فوجی اہلکاروں اور وادی کشمیر کی سابق فوجیوں کی مختلف تنظیموں کے نمائندوں نے شرکت کی۔

آرمی ڈے

آج آرمی ڈے منایا جا رہا ہے ۔ لیفٹنٹ گورنر منوج سنہا نے اس موقع پر فوجی جوانوں اور ان کے اہل خانہ کو مبارکباد پیش کی ہے۔ ایک سوشل میڈیا پوسٹ میں ایل جی نے کہا کہ ہمارے فوجی جوان بہادری، حب الوطنی اور غیر متزلزل لگن کے مظہر ہیں۔

وطن کی حفاظت کے لئے اپنی جانیں نچھاور کرنے والے فوجی اہلکاروں کو خراج عقیدت پیش کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ قوم ان کی بے لوث خدمات کی ہمیشہ مقروض رہے گی۔

چیف سیکریٹری

چیف سیکریٹری اٹل ڈلو نے راجوری ضلع کے بدھل علاقے
مینپ

راسرار اموات کی وجوہات کا پتہ لگانے کیلئے کئے جارہے اقدامات کا جائزہ لینے کے لئے ایک اعلیٰ سطحی میٹنگ کی ± صدارت کی ۔

چیف سکریٹری نے ماہرین صحت اور پولیس پر زور دیا کہ ان اموات کی اصل وجہ کا پتہ لگانے کے لئے معروف اداروں سے موصول ہونے والی رپورٹس کا جائزہ لیں اورتحقیقات کو منطقی انجام تک پہنچانے کے لیے آپس مینقریبی تال میل کو قائم رکھ کرکام کریں۔

راجوری

راجوری ضلع میں لائن آف کنٹرول کے بھوانی سیکٹر میں کل ہوئے ایک حادثاتی بارودی سرنگ دھماکے میں چھ فوجی جوان زخمی ہوئے ہیں ۔ یہ حادثہ اس وقت پیش آیا جب فوج کے اہلکار علاقے میں معمول کی گشت پر تھے ۔ زخمی اہلکاروں کو علاج و معالجہ کے لئے اسپتال منتقل کیا گیا ہے ۔

شاہراہ

سرینگر جموں قومی شاہراہ دو طرفہ ٹریفک کے لئے کھلی ہے تاہم ڈرائیوروں سے کہا گیا ہے کہ وہ لین نظم و ضبط قائم رکھیں اور ٹریفک جام کا سبب بننے والی اور ٹیکنگ سے اجتناب کریں۔ مسافروں سے بھی کہا گیا ہے کہ وہ کچھ تاخیر کے ساتھ سفر شروع کریں تاکہ
ا

نہیں شاہراہ پر غیر ضروری در ماندگی کا سامنانہ کرنا پڑے ۔±

SSG پر BRO روڈ اور چھبا روڈ تاہم بھد رواہ سے سگنل ملنے کے بعد ہی ٹریفک کو آنے جانے کی اجازت دی جائے گی مغل روڈ کے علاوہ سنتھن کشتواڑ روڈ فی الحال بند ہیں۔

درجہ حرارت

سرینگر میں رات کا کم سے کم درجہ حرارت منفی 4 اعشاریہ 8ڈگری جبکہ جمو ں میں رات کا کم سے کم درجہ حرارت 6 ڈگری سیلسیس درج کیا گیا۔

اس کے ساتھ ہی خبروں کا یہ بلیٹن ختم ہوا ۔

خبروں کا اگلا بلیٹن دن میں بارہ بج کر تیس منٹ پر اردو میں نشر ہو گا ۔

ہمیں دیجئے اجازت

خدا حافظ